امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس:۱۳

(فصل پنجم)

درس کی ابتداء، مقدار اور ترتیب

درس کی ابتداء:

بہتر ہے کہ درس کو بدھ کے دن شروع کریں کہ جس طرح رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا: "بدھ کے دن شروع کی جانے والی چیز یقینا اختتام تک پہنچتی ہے"۔ اور نیک کاموں میں سے ہر کام کو بدھ کے دن شروع کرنا چاہئے کیونکہ اسی دن اللہ تعالی نے نور کو خلق کیا ہے اور کفار کے لئے یہ دن منحوس اور مومنین کے لئے مبارک ہے۔

درس کی مقدار:

ضروری ہے کہ شروعات میں ایک مبتدی درس کو اتنی مقدار میں رکھے کہ جس کی آسانی سے تکرار کر سکے۔

اگر ابتدا میں سبق طولانی ہو جائے اور اس کو دس مرتبہ تکرار کرنی پڑے تو آخر میں بھی ایسا ہی کرنا پڑے گا کیونکہ یہ کام اس کی عادت بن جائے گا اور وہ اس عادت کو آسانی سے نہیں چھوڑ پائے گا۔

اور کہا گیا ہے کہ درس ایک بار اور اس کی تکرار ہزار بار۔

درس کی ترتیب:

ضروری ہے کہ ابتدا میں ایسے درس کو شروع کرے کہ جس کو سمجھنا آسان ہو۔

اساتذہ بھی ایسے مختصر دروس کو مبتدی کے لئے شروع کریں جن کو سمجھنا اور یاد کرنا آسان ہو۔

ضروری ہے کہ درس سیکھنے کے بعد دوبارہ پڑھا جائے اور پھر زیادہ تکرار کی جائے۔ علم حاصل کرنے والے شخص کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ سبق کی تکرار کو ترک کر دے۔